# خیبر پختونخواہ تجارتی تنازعات کے حل کے مجریہ، 2022 میں ترمیم کرنے کے لیے۔

چونکہ یہ ضروری ہے کہ خیبر پختونخواہ تجارتی تنازعات کے حل کے ایکٹ، 2022 (خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر- (38) 2022) میں ترمیم کی جائے تاکہ اپیلوں کی آسان اور فوری سماعت کے لیے طریقہ کار میں اصلاحات کی جا سکیں اور اس سے متعلقہ اور معاون امور کو بہتر بنایا جاسکے۔

اسے خیبر پختونخواہ کی صوبائی اسمبلی نے مندرجہ ذیل طور پر نافذ کر دیا ہے:۔

1۔ **مختصر عنوان اور نفاذ۔---**(1) اس ایکٹ کو "خیبر پختونخواہ تجارتی تنازعات کے حل (ترمیمی) ایکٹ، 2024" کہا جائے گا۔

(2)- یہ فوراً نافذ العمل ہو گا-

2۔ **خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 کے دیباچے میں ترمیم---** خیبر پختونخواہ تجارتی تنازعات کے حل کے ایکٹ، 2022 (جو آگے چل کر مذکورہ ایکٹ کہلائے گا) کے دیباچے میں، الفاظ "اور اپیلٹ ٹریبونل" حذف کر دیے جائیں گے اور دوسرے نمبر پر آنے والے لفظ "ہیں" کی جگہ "ہے" استعمال کیا جائے گا۔

3۔ **خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 میں عمومی ترمیم---** مذکورہ ایکٹ میں، دفعات 5، 7 اور 14 میں جہاں کہیں بھی "اور اپیلٹ ٹریبونل" کے الفاظ آئیں گے، ان کی جگہ "ہائی کورٹ" کے الفاظ استعمال کیے جائیں گے۔

4۔ **خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 کی دفعہ 2 میں ترمیم---** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 2 کی ذیلی دفعہ (1) میں، شقیں (A) اور (K) حذف کر دی جائیں گی۔

**5۔ خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 کی دفعہ 8 کا حذف---** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 8 کو حذف کر دیا جائے گا۔۔

**6۔ خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 کی دفعہ 9 کی جگہ تبدیلی---**

مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 9 کی جگہ درج ذیل متبادل ہو گا:

**9۔ اپیلز**۔۔۔(1) کوئی بھی شخص جو تجارتی عدالت کے فیصلے، حکم یا حکم نامے سے متاثر ہو، وہ اس فیصلے، حکم یا حکم نامے کے اعلان کی تاریخ سے تیس دن کے اندر ہائی کورٹ میں اپیل دائر کر سکتا ہے اور مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908 (ایکٹ نمبر-پانچ) کی دفعات ایسی اپیلوں پر بذاتِ خود لاگو ہوں گی۔

(2) حدود ایکٹ، 1908 (1908 کا ایکٹ نمر-نو) کی دفعہ 5 کی دفعات، دفعہ (1) کے تحت دائر کی جانے والی اپیلوں پر بھی لاگو ہوں گی۔

(3) گرچہ دفعہ (1) یا کسی اور موجودہ قانون میں کچھ بھی مندرج ہو، تاہم اس دفعہ (1) میں دی گئی مدتِ حدبندی جو کہ خیبر پختونخواہ تجارتی تنازعات کے حل کے ایکٹ 2022 کے تحت تجارتی عدالت کے فیصلہ، حکم یا کسی حکم کے خلاف اپیل دائر کرنے کے لیے طے کی گئی تھی، جو کہ اس ایکٹ کے نفاذ سے قبل صادر ہو چکی ہو، وہ اس ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے شروع سمجھی جائے گی۔

**7۔ خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 کی دفعہ گیارہ میں ترمیم---** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 11 کی ذیلی دفعہ (2) میں، شق (الف)، کے الفاظ "اور اپیلنٹ ٹربیونل" کو حذف کر دیا جائے گا۔

**8۔ خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 کے سیکشن 12 کا حذف---** مذکورہ ایکٹ کے سیکشن 12 کو حذف کر دیا جائے گا۔

**9۔ خیبر پختونخواہ ایکٹ نمبر-XXXVIII، 2022 کے سیکشن 13 کا حذف---**

مذکورہ ایکٹ کے سیکشن 13 کو حذف کر دیا جائے گا۔